بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

کیا کبھی آپ نے غور کیا ....اللہ کے رسول ﷺ کے سلسلہ میں حضرات صحابہ کرامؓ کیوں فرماتے....میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان (فداہ امی وابی) ؟ آپ کا جواب یہی ہو گا کہ یہ اللہ کے رسول ﷺ سے بے پناہ محبت کا اظہار تھا۔ بالکل صحیح، حضرات صحابہ کرامؓ کی یہی محبت قرآن وسنت کی تعلیمات کو عملاً اپنی انفرادی واجتماعی زندگیوں میں نافذ کرنے کا زوردار محرک تھی۔ یعنی حضرات صحابہ کرامؓ کی محبت کوئی خالی وقولی دعوی نہیں تھا بلکہ انہوں نے اپنے ذاتی، خانگی، کاروباری، معاشرتی، سیاسی غرض ہر معاملہ میں آپ ﷺ سے راہنمائی حاصل کی اور بتائے ہوئے طریقے پر زندگی بھر چلتے رہے۔ انؓ کا فرمان فداہ امی وابی دراصل اسی راہ میں چلنے کے لطف اور مٹھاس کا گویا ایک طرح سے اظہار تھا۔ زندگی کے مختلف پیچیدہ اور سنگین مسائل میں رسول اللہ ﷺ کی قابل عمل راہنمائی اور اس کے شاندار نتائج کے حاصل ہونے پر آپ ﷺ سے بے پناہ محبت کا اظہار فداہ امی وابی تھا۔



ہم بھی اللہ کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتے ہیں، آپ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق انفرادی واجتماعی زندگی گزارنا اور تمام ہی معاملات میں آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ سے راہنمائی حاصل کرنا، ہمارے لئے بھی اتنا ہی ضروری ہے، رسول اللہ ﷺ سے محبت کا اعتبار اسی صورت ہو گا۔ آپ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق جب ہماری زندگیاں گزریں گی تو دل سے نکلنے والی صدا کہ الفاظ بلاشبہ یہی ہوں گے کہ رسول اللہ ﷺ پر میرے ماں باپ قربان۔ آپ ﷺ کی تعلیمات کے آگے زندگی کی اہم ترین اور قیمتی چیزیں سب نچھاور۔ ماں باپ، بیوی بچے، بہن بھائی، اہل خاندان، دوست احباب، مال واسباب غرض ہر ایک کی محبت آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کیلئے ہر گز رکاوٹ نہیں بنے گی، یہ سب کے سب آپ ﷺ پر قربان۔

آیئے رسول اللہ ﷺ سے ایسی ہی مثالی محبت کا ثبوت آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے دیں۔ بحیثیت مسلمان، یہ ہمارے لئے دنیا کا سب سے بڑا اعزاز ہے کہ نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر پوری زندگی گزاریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ سعادت نصیب فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

محمد عبداللہ جاوید

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

دوسروں کے عیبوں، غلطیوں اور کمزوریوں پر پردہ ڈالئے، انہیں ہرگز ظاہر مت کیجئے۔

مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا ، سَتَرَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی تو اللہ تعالیٰ اس کی دنیا اور آخرت میں پردہ پوشی فرمائے گا۔

(روایت: حضرت ابوہریرہؓ - صحیح مسلم - کتاب الذکر والدعا والتوبہ والاستغفار)

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کیجئے ' چاہے قول سے ہو یا عمل سے

وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ ، يَسَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس آدمی نے کسی تنگ دست کے لیے آسانی پیدا کی تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دنیا اور آخرت میں آسانی پیدا فرمائے گا۔

(روایت: حضرت ابو ہریرہؓ - صحیح مسلم - کتاب الذکر والدعا والتوبہ والاستغفار)

itqan

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

اپنے بھائی کی مدد میں لگے رہئے خلوص کے ساتھ، وقت کی تنگی اور وسائل کی
کمی کا کبھی احساس نہ ہو، بس یہ یقین کر لیجئے:

وَاللَّهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جب تک کوئی بندہ اپنے بھائی کی مدد
کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی مدد کرتا رہتا ہے۔


(روایت: حضرت ابوہریرہؓ - صحیح مسلم - کتاب الذکر والدعا والتوبہ والاستغفار)

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر


علم کا راستہ جنت کا راستہ، ہر دن جنت کے راستے پر اپنا سفر جاری رکھیئے:

وَمَنْ سَلَكَ طَرِيقًا يَلْتَمِسُ فِيهِ عِلْمًا ، سَهَّلَ اللَّهُ لَهُ بِهِ طَرِيقًا إِلَى الْجَنَّةِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی علم حاصل کرنے کے لیے کسی راستہ پر چلا، اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان کر دے گا۔



(روایت: حضرت ابو ہریرہؓ - صحیح مسلم - کتاب الذکر والدعا والتوبہ والاستغفار)



نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کسی راستہ پر بیٹھو تو اس کے یہ حقوق ضرور ادا کرو:

غَضُّ الْبَصَرِ ، وَكَفُّ الأَذَى ، وَرَدُّ السَّلاَمِ وَالأَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ

نگاہیں نیچی رکھنا۔ تکلیف دہ چیزوں کو دور کرنا۔ سلام کا جواب دینا۔
نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا۔

(روایت: حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ - صحیح مسلم - کتاب اللباس والزینۃ)

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

نیک بنے رہنا، ہمیشہ نیک بنے رہنے کی ضمانت نہیں، اور برے رہنا، ہمیشہ برے رہنے پر دلالت نہیں، دلوں کا پھر جانا تو اللہ کے ہاتھ میں ہے:

اللَّهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوبِ صَرِّفْ قُلُوبَنَا عَلَى طَاعَتِكَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی یوں تلقین فرمائی: اے اللہ! دلوں کے پھیرنے والے، ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت کی طرف پھیر دے۔

(روایت: حضرت عبداللہ بن عمر بن العاص رضی اللہ عنہ - صحیح مسلم - کتاب القدر)

itqan

نبی رحمت ﷺ
کے نقش قدم پر

اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں پسندیدہ بننا چاہتے ہیں؟..... بس اپنی شخصیت کو اس مہلک برائی سے پاک رکھئے:

إِنَّ أَبْغَضَ الرِّجَالِ إِلَى اللَّهِ الأَلَدُّ الْخَصِمُ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ ناپسندیدہ شخص وہ ہے جو سخت جھگڑالو ہو۔

(روایت: حضرت عائشہؓ - صحیح بخاری- کتاب المظالم)

itqan

نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر

آپ جانتے ہیں، وہ کون تین لوگ ہیں جن کی طرف نہ اللہ تعالیٰ دیکھے گا اور نہ ہی ان سے بات کرے گا؟

ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ
أَلِيمٌ : شَيْخٌ زَانٍ وَمَلِكٌ كَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تین آدمیوں سے نہ تو بات کرے گا، نہ ان کو پاک کرے گا، نہ ان کی طرف (رحمت کی نظر سے) دیکھے گا اور ان کو دکھ دینے والا عذاب دیا جائے گا۔ ان تینوں میں ایک بوڑھا زانی، دوسرا جھوٹا بادشاہ اور تیسرا محتاج مغرور

(روایت: حضرت ابوہریرہ ؓ - صحیح مسلم - کتاب الایمان)



نبی رحمت ﷺ
کے نقش قدم پر


مسلمان بنے رہنے کیلئے اپنے اوپر مکمل قابو رکھئے

الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ
سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں

(روایت: حضرت عبداللہ بن عمرؓ - صحیح بخاری - کتاب الایمان)


نبی رحمت ﷺ
کے نقش قدم پر
ایمان کی پختگی کیلئے اپنی پسند اور چاہت کو اپنے بھائی کیلئے مخصوص کر لیجئے:
لا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا
جب تک اپنے بھائی کے لیے وہ پسند نہ کرے جو اپنے لیے کر رہا ہے۔
(روایت: حضرت انسؓ - صحیح بخاری - کتاب الایمان)
itqan


نبی رحمت ﷺ
کے نقش قدم پر
ماتحت کام کرنے والوں کیلئے اپنے کو مالک نہیں بلکہ سرپرست جانئے اور......
فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَأْكُلُ، وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ، وَلاَ تُكَلِّفُوهُمْ مَا يَغْلِبُهُم فَإِنْ كَلَّفْتُمُوهُمْ فَأَعِينُوهُمْ
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے ان بھائیوں کو وہی کھلاؤ جو خود کھاؤ اور وہ پہناؤ جو خود پہنو، اور طاقت سے زیادہ ان پر بوجھ مت ڈالو، اگر ڈالو تو ان کا ہاتھ بٹاؤ۔
(روایت: حضرت ابوذر غفاریؓ - صحیح بخاری - کتاب الایمان)

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

اپنے اہل و عیال پر دل کھول کر خرچ کیجئے، آپ کا یہ عمل بھی اللہ کے ہاں قابل قبول ہے:

إِذَا أَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلَى أَهْلِهِ يَحْتَسِبُهَا فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب آدمی ثواب کی نیت سے اپنے اہل و عیال پر خرچ کرتا ہے تو وہ بھی اس کے لیے صدقہ بن جاتا ہے۔

(روایت: حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ - صحیح بخاری - کتاب الایمان)



نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

جہاں جس ماحول میں بھی ہوں، اپنے بے مثال
اخلاق سے اسے خوشگوار بنائے رکھئے

يَسِّرُوا وَلاَ تُعَسِّرُوا، وَبَشِّرُوا وَلاَ تُنَفِّرُوا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (لوگوں کے لئے) آسانی پیدا
کرو، سختی نہ کرو، خوش خبری سناؤ اور نفرت نہ دلاؤ۔

(روایت: حضرت انسؓ - صحیح بخاری - کتاب العلم)


نبی رحمت ﷺ
کے نقش قدم پر
بچوں کو ان الفاظ میں دعا دیجئے:
عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ ضَمَّنِي رَسُولُ اللَّهِ صلى
الله عليه وسلم وَقَالَ :اللَّهُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ
حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے
مجھے (اپنے سینے سے) لگایا اور دعا فرمائی: یا اللہ! اسے قرآن کا علم عطاء فرما۔
(روایت: حضرت ابن عباسؓ - صحیح بخاری - کتاب العلم)
itqan

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

بچوں کے لئے اس انمول دعا کا اہتمام کیجئے

اللَّهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّينِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی یوں تلقین فرمائی:

اے اللہ! اس کو دین کی سمجھ عطاء فرما۔



(روایت: حضرت ابن عباسؓ - صحیح بخاری - کتاب الوضو)

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

پانی پیتے وقت اس ادب کا ضرور خیال رکھئے



" إِذَا شَرِبَ أَحَدُكُمْ فَلاَ يَتَنَفَّسْ فِي الإِنَاءِ،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی (پانی یا شربت وغیرہ) پیے تو برتن میں سانس نہ لے

(روایت: حضرت ابو قتادہؓ - صحیح بخاری - کتاب الوضو)

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

جب سورج یا چاند کو گہن لگے تو اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ ریز ہو جایئے' کیونکہ
عبادت کے لائق وہی ہستی ہے جسکے قبضہ قدرت میں پوری کائنات ہے

إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لاَ يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَيَاتِهِ،
وَلَكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوهَا فَصَلُّوا.

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سورج اور چاند کسی کے مرنے سے بے نور نہیں ہوتے، نہ کسی کے
جینے سے وہ تو اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں۔ جب تم گرہن دیکھو تو نماز پڑھو۔

(روایت: حضرت عبداللہ بن عمرؓ - صحیح بخاری - ابواب الکسوف)

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

مال ودولت اور عمر میں اضافہ چاہئے تو اس طریقے پر عمل سختی سے عمل کیجئے

مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُبْسَطَ لَهُ رِزْقُهُ أَوْ يُنْسَأَ لَهُ فِي أَثَرِهِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ

رسول اللہ ﷺ فرمایا: جو آدمی اپنی روزی میں کشادگی چاہتا ہو،
یا عمر کی درازی چاہتا ہو، اسے چاہیے کہ صلہ رحمی کرے۔

(روایت: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ - صحیح بخاری - کتاب البیوع)

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

اللہ تعالیٰ کی رحمت کے مستحق بننا چاہتے ہو تو خود بھی دوسروں کے ساتھ رحم وکرم کا معاملہ کیجئے

رَحِمَ اللَّهُ رَجُلاً سَمْحًا إِذَا بَاعَ، وَإِذَا اشْتَرَى، وَإِذَا اقْتَضَى

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو بیچتے وقت اور خریدتے وقت اور تقاضا کرتے وقت فیاضی اور نرمی سے کام لیتا ہو۔

(روایت: حضرت جابر بن عبداللہؓ - صحیح بخاری - کتاب البیوع)

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

تجارت کو بھاری نقصانات سے دوچار کرنے والی اس
بنیادی وجہ سے پرہیز کیجیے

الْحَلِفُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مُمْحِقَةٌ لِلْبَرَكَةِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قسم کھانے سے تو مال
بک جاتا ہے لیکن برکت مٹ جاتی ہے۔

(روایت: حضرت ابوہریرہؓ - صحیح بخاری - کتاب البیوع)


نبی رحمت ﷺ
کے نقش قدم پر
اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں پسندیدہ تاجر بننے کیلئے یہ بنیادی اصول ہمیشہ یاد رکھئے
لاَ يَبِيعُ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ أَخِيهِ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی تم میں
سے اپنے بھائی کی بیع پر بیع نہ کرے۔
(روایت: حضرت عبداللہ بن عمرؓ - صحیح بخاری - کتاب البیوع)
itqan


نبی رحمت ﷺ
کے نقش قدم پر
قرض بڑا بھاری بوجھ ہے اسے اپنے سر سے فوری اتار دیجئے،
اگر آپ کے پاس مال ہے تو تاخیر ہر گز مت کیجئے
مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مالدار کا قرض ادا
کرنے میں ٹال مٹول کرنا ظلم ہے۔
(روایت: حضرت ابوہریرہؓ - صحیح بخاری - کتاب الحوالات)
itqan

نبی رحمت ﷺ
کے نقش قدم پر

ماحول کو ہرا بھرا رکھنے کیلئے درخت لگائیے


یہ ہر جاندار کے لئے سراپا خیر ہے اور آپ کے لئے اجر کا ذریعہ بھی



مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا، أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا، فَيَأْكُلُ مِنْهُ طَيْرٌ أَوْ إِنْسَانٌ أَوْ بَهِيمَةٌ، إِلاَّ كَانَ لَهُ بِهِ صَدَقَةٌ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان کوئی درخت لگائے یا
کھیتی اگائے، پھر اس میں سے کوئی پرندہ یا آدمی یا چوپایہ
کھائے تو وہ اس کی طرف سے صدقہ ہے۔

(روایت: حضرت انس ؓ - صحیح بخاری - کتاب المزارعۃ)


نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر
ہاتھ کی کمائی کو اپنے لئے ایک اعزاز جانئے، چاہے وہ کسی بھی جائز طریقے سے ہو
مَا أَكَلَ أَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ أَنْ يَأْكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدِهِ،
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی آدمی کے لیے اس سے بہتر کوئی کھانا نہیں ہے کہ اپنے ہاتھ سے محنت کر کے کھائے۔
(روایت: حضرت مقدام بن معدی کرب ؓ - صحیح بخاری - کتاب البیوع)
itqan

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر

دوسروں کو کبھی تکلیف مت دیجئے، آپ کا یہ عمل، خود آپ ہی کے حق میں فائدہ مند ہے

تَدَعُ النَّاسَ مِنَ الشَّرِّ، فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ تَصَدَّقُ بِهَا عَلَى نَفْسِكَ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پھر لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ کر دے کہ یہ بھی ایک صدقہ ہے جسے تم خود اپنے اوپر کرو گے۔



(روایت: حضرت انس ؓ - صحیح بخاری - کتاب العتق)


نبی رحمت ﷺ
کے نقش قدم پر


اتحاد ترقی ہے اور اختلاف زوال، لہذا اپنے اندر قلب و نظر کی وسعت پیدا کیجئے


لاَ تَخْتَلِفُوا فَإِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ اخْتَلَفُوا فَهَلَكُوا "

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اختلاف نہ کیا کرو، کیونکہ تم سے پہلے
کے لوگ اختلاف ہی کی وجہ سے تباہ ہو گئے۔

(روایت: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ - صحیح بخاری - کتاب الخصومات)


نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر
یہ یقین کر لیجئے کہ ناجائز طریقے سے جائداد بنانا‘
دنیا و آخرت میں سخت عذاب کا موجب ہوگا
مَنْ ظَلَمَ مِنَ الأَرْضِ شَيْئًا طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کی زمین ظلم سے لے لی، اسے
قیامت کے دن سات زمینوں کا طوق پہنایا جائے گا۔
(روایت: حضرت سعید بن زیدؓ - صحیح بخاری - کتاب المظالم)


نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم
کے نقش قدم پر
اپنے پڑوسی کو کسی بھی قسم کی تکلیف مت دیجئے
لاَ يَمْنَعُ جَارٌ جَارَهُ أَنْ يَغْرِزَ خَشَبَهُ فِي جِدَارِهِ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی آدمی اپنے پڑوسی کو
اپنی دیوار میں لکڑی گاڑنے سے نہ روکے۔
(روایت: حضرت ابوہریرہؓ - صحیح بخاری - کتاب المظالم)


نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم
کے نقش قدم پر
سراپا رحمت بن جائیے
يُمِيطُ الأَذَى عَنِ الطَّرِيقِ صَدَقَةٌ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر رستے سے
تکلیف دہ چیز ہٹا دے تو صدقے کا ثواب ملے گا۔
(روایت: حضرت ابوہریرہؓ - صحیح بخاری - کتاب المظالم)
itqan

نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم
کے نقش قدم پر

غصہ کے وقت اپنے اوپر مکمل قابو رکھئے



إِذَا قَاتَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی کسی سے جھگڑا
کرے تو چہرے پر مارنے سے بچے۔

(روایت: حضرت ابوہریرہؓ - صحیح بخاری - کتاب العتق)

نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر


لوگوں کے مسائل حل کرنے اوران کے حقوق دلوانے کی
کوشش کیجئے، یہ عمل آپ کے حق میں سراپا خیر ہے



يَعْدِلُ بَيْنَ النَّاسِ صَدَقَةٌ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کے
درمیان انصاف کرنا بھی ایک صدقہ ہے۔

(روایت: حضرت ابوہریرہؓ - صحیح بخاری - کتاب الصلح)


نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر
دوسروں کی مدد کے لئے کبھی تکلف مت کیجئے، مدد چاہے کسی کی بھی ہو، کہیں بھی ہو، آپ کو رب کی رحمت کا مستحق بناتی ہے۔
يُعِينُ الرَّجُلَ فِي دَابَّتِهِ يُحَامِلُهُ عَلَيْهَا
أَوْ يَرْفَعُ عَلَيْهَا مَتَاعَهُ صَدَقَةٌ
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی شخص کسی کی سواری میں مدد کرے کہ اس کو سہارا دے کر اس کی سواری پر سوار کرادے یا اس کا سامان اس پر اٹھا کر رکھ دے تو یہ بھی صدقہ ہے۔
(روایت: حضرت ابوہریرہؓ - صحیح بخاری - کتاب الجہاد والسیر)



نبی رحمت ﷺ کے نقش قدم پر
کسی کو سڑک پار کرانا اور مسافر کی راہنمائی کرنا، اجر کا ذریعہ ہے۔ اس کا اہتمام کیجئے۔
وَدَلُّ الطَّرِيقِ صَدَقَةٌ
اور کسی کو راستہ بتا دینا بھی صدقہ ہے۔
(روایت: حضرت ابوہریرہؓ - صحیح بخاری - کتاب الجہاد والسیر)
itqan

جاری....

Conceptualized and Presented By:
Institute of Training for Quranic Applications (ITQAN)
Raichur, Karnataka

اپنے تجربات، آئیڈیاز اور مشورے شئیر کیجئے:

ajacademyraichur@gmail.com

Picture Courtesy: Pexels